## صنعتی ادارہ یا احاطہ میں اشیا کی نقل وحمل

خام مال اور مشینری کے الگ الگ حصے اور وہ مال جس کی صنعتی یونٹ کو مصنوعات مکمل کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے، کو صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلہ کی اجازت تب ہی دی جائے گی جب گاڑی کو داخلہ کے مقام پر جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔

داخلہ کے مقام پر اس طرح کا مال لے جانے والی گاڑی کے ڈرائیور، کنڈکٹر، لوڈر اور دیگر عملہ کے درجہ حرارت اور کوویڈ-19 کی دیگر علامات یعنی فلو، کھانسی اور پٹھوں میں درد وغیرہ کی جانچ کی جائے گی۔

اس طرح کی گاڑی سے وابستہ کسی شخص میں کویڈ-19 کی ایک یا تمام علامات پائی گئیں تو اسے صنعتی یونٹ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔

سٹیل، لکڑی، لوہا، کپڑا اور پلاسٹک جیسی اشیا پر کویڈ-19 کئی دن تک برقرار رہتا ہے۔ لہذا صنعتی یونٹ یا احاطے میں داخلے سے قبل اس طرح کے تمام خام کی صفائی اور جراثیم کشی کی جائے گی۔

گاڑی میں موجود افراد کے مابین بیٹھنے کا انتظام اس طرح ہوگا کہ تین فٹ کی دوری برقرار رہے۔

ایسی گاڑیوں میں سوار افراد صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخل ہونے سے قبل صابن سے ہاتھ دھوئیں گے اور اس کے بعد ان کے ہاتھوں کو سینی ٹائز کیا جائے گا۔

ایسی گاڑیوں پر سوار افراد کو مناسب ساز وسامان، دستانے، ماسک اور گاؤن پہنایا جائے گا۔ مناسب ساز وسامان کے بغیر کسی بھی شخص کو صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔








## تعمیراتی مقامات کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

اوپر بتائے گئے عمومی حفاظتی ایس او پیز کے علاوہ درج ذیل اقدامات لینا بھی ضروری ہے:



- تعمیراتی سائٹ پر قرنطینہ دورانیہ میں داخلی اور خارجی راستوں پر سکیورٹی کا خاص انتظام کیا جائے۔
- تعمیراتی سائٹ میں آنے والے تمام کارکنوں کی جانچ کی جائے کہ وہ صحت مند ہیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر داخل ہونے پر کام شروع کرنے سے پہلے تمام کارکنوں پر جراثیم کش سپرے لازمی کیا جائے۔
- تعمیراتی کمپنیاں لازمی طور پر سائٹ پر کارکنوں کی تعداد کے مطابق مطلوبہ مقدار میں ماسک، دستانے، صابن، صاف پانی اور ہینڈ سینیٹائیزر کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔
- تعمیراتی سائٹ سے ملحقہ بیت الخلا میں ہر وقت صابن اور پانی کی فراہمی یقینی بنائیں۔



- کام کے اوقات میں ہر وقت ماسک کا استعمال لازمی ہے۔
- کارکنوں کی ذاتی حفظانِ صحت کے لیے اقدامات کریں اور انہیں مناسب تربیت فراہم کریں۔
- کارکنوں کو کویڈ-19 کی علامات کی خود تشخیص، علامات کی اطلاع اور بیمار ہونے پر گھر رہنے کی صلاح دیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر وقفوں کے ساتھ مناسب اوقات کار کو برقرار رکھیں۔
- تمام عملہ کو کام کی جگہ پر بات کرتے ہوئے مناسب فاصلہ قائم کرنے کی صلاح دیں۔
- تمام عملہ کو یہ ہدایت کی جائے کہ وہ کھانا کھاتے وقت ایک دوسرے سے کم سے کم چھ سے آٹھ فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر میٹنگ وغیرہ کے لیے کم سے کم چھ فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- تعمیراتی سائٹ پر ایک دوسرے کے ہاتھ کے استعمال کے فون سمیت تمام آلات اور مشنری کے استعمال کی حوصلہ شکنی کریں اور اگر ایسا کرنا ضروری ہو تو انہیں استعمال سے پہلے اور بعد اور دن میں دو سے تین مرتبہ جراثیم کش سپرے کریں۔
- ہر ملازم کو کام کی جگہ پر عفونت والے اور متعدی امراض سے متعلق تربیت حاصل کرنی چاہیے۔
- ہر ملازم کو ذاتی تحفظ کے کسی بھی آلے کا کورونا وائرس کے پھیلاو کو کم کرنے کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔
- ارادتاً کسی آلے یا مشنری کا غلط استعمال نہ کیا جائے۔

- تعمیراتی سائٹ پر ہیوی مشنری، کرین، بلڈوزر وغیرہ کو استعمال کرتے وقت دستانوں کا استعمال لازمی کریں اور ہر دو سے تین گھنٹے میں تمام مشنری کے ہینڈل وغیرہ کو جراثیم کش سپرے کریں۔
- تعمیراتی سائٹ پر میٹنگ وغیرہ کے لیے لازمی طور پر کھلی جگہ کا انتخاب کریں۔
- تعمیراتی سائٹ پر وقتی طور پر لگائے گئے رہائشی کنٹینرز میں ایک وقت میں صرف ایک فرد کے رہنے کا انتظام کریں نیز ہر روز جراثیم کش سپرے کروائیں۔

## قانونی فوائد:

- ایک محفوظ کارکن بیماری کی صورت میں صوبائی ملازمین کے سماجی تحفظ آرڈیننس، 1965 کے سیکشن-35 کے تحت 120 دن تک اجرت کے 75 فیصد کے برابر ادائیگی پانے کا حقدار ہے۔
- اگر کوئی کارکن کورونا کی وجہ سے وفات پا جاتا ہے، تو پھر مزدوروں کے معاوضہ ایکٹ، 1923 کے تحت معاوضہ کے مجاز کمشنر کے ذریعہ اس کے قانونی ورثا کو پانچ لاکھ روپے موت کا معاوضہ حاصل کرنے کا حق ہے۔
- محفوظ شخص کی موت کی صورت میں، بائیس ہزار روپے تک آخری تنخواہ کے مساوی رقم اس کے قانونی ورثا کو دی جائے گی اور اس کے وابستگان میں سے کسی کی موت
- پر پانچ ہزار روپے PESSI آرڈیننس، 1965 کے تحت بطور تدفین گرانٹ ملیں گے۔
- ہر آجر صنعتی اور تجارتی ملازمت آرڈیننس، 1968 (قائمہ احکامات) کے قائمہ آرڈر نمبر 11 کے تحت معاوضے کے طور پر فراغت کے پہلے چودہ دن کے دوران میں یومیہ اجرت کے نصف کے برابر رقم کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔







# مختلف دکانوں اور سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار



## مختلف دکانوں اور سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار



- داخلے کی جگہوں پر سینی ٹائزر کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔
- خریداری سے پہلے اور بعد میں ہر گاہک کے ہاتھوں کو سینے ٹائز کیا جائے۔
- داخلے کی جگہوں پر تھرمل گنز کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔
- داخلے پر ہر گاہک کا ٹمپریچر چیک کیا جائے۔
- داخلے پر قطار اور گاہکوں کے درمیان چھ فٹ کے فاصلے کو یقینی بنایا جائے۔
- گاہکوں کو گروہ کی صورت میں داخل نہ ہونے دیا جائے۔
- فلو، کھانسی اور بخار میں مبتلا گاہکوں کو داخلے کی اجازت نہ دی جائے۔



- ہر گاہک کی شاپنگ ٹرالی یا ٹوکری کو سپرے کیا جائے۔
- فرش کو جراثیم کش ادویہ سے تھوڑی تھوڑی دیر بعد روزانہ باقاعدگی سے صاف کیا جائے۔
- زیادہ استعمال ہونے دروازوں کے ہینڈلز، فریج کے ہینڈلز اور بیلنگ مشینوں کی صفائی اور سپرے کو یقینی بنایا جائے۔
- ہر ریسپشنسٹ/سیلز پرسن ماسک اور دستانے استعمال کرے۔
- اے ٹی ایم (ATM) مشین/کریڈٹ/ ڈیبٹ کارڈز، موبائل مشینوں کو ہر گاہک کے استعمال سے پہلے اور بعد میں الکوحل سوبز سے صاف کیا جائے اور ایسی ہر مشین کے ساتھ سینی ٹائزر کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔



- پلازا/سٹور/ مارکیٹ/ دکان کے داخلی اور واضح جگہوں پر آگاہی اشتہار آویزاں کیے جائیں۔
- دیگر ہدایات جو حکومت کی طرف وقتاً فوقتاً جاری کی جائیں۔



کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## دودھ کی دکانوں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

- ماسک اور دستانوں کے بغیر دودھ اور دہی کو ہاتھ نہ لگائیں۔
- دودھ اور دہی کو ڈھانپ کر رکھیں۔
- گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
- پیسے کا تبادلہ کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
- پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

**نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران مندرجہ بالا ہدایات پر عملنہ ہونے کی صورت میں سخت سزا اور جرمانہ ہوگا۔**



## میڈیکل/ جنرل سٹورز کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

1 ماسک اور دستانوں کا استعمال لازمی کریں بغیر دستانوں کے ادویہ کو ہاتھ نہ لگائیں۔
2 گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
3 پیسے کا تبادلہ کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
4 دوکان کے فرش اور کاونٹرز کو روزانہ جراثیم سے پاک کریں۔
5 اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
6 پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

**نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا اور جرمانہ ہوگا۔**





کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## تندوروں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

1 آٹا گوندھنے سے پہلے بیس سیکنڈ تک صابن سے ہاتھ دھوئیں اور پھر ہر ایک گھنٹے بعد ہاتھ دھوئیں۔
2 دستانوں کا استعمال لازمی کریں بغیر دستانوں کے روٹی/ نان کو ہاتھ نہ لگائیں۔
3 آٹے کو ڈھانپ کر رکھیں۔
4 گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
5 پیسے کا تبادلہ کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
6 دوکان کے فرش اور کاونٹرز کو روزانہ جراثیم سے پاک کریں۔
7 اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
8 پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

**نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا اور جرمانہ ہوگا۔**



## گوشت کی دکانوں کے لیے ایس او پیز یا معیاری طریق کار

مشترکہ ایس او پیز پر عمل درآمد کے علاوہ تمام مالکان کو درج ذیل اقدامات لینا ہوں گے:

1 بیس سیکنڈ تک صابن اور تازہ پانی سے ہر ایک گھنٹے بعد ہاتھ دھوئیں۔
2 ماسک اور دستانوں کا استعمال لازمی کریں بغیر دستانوں کے گوشت کو ہاتھ نہ لگائیں۔
3 گوشت کو ڈھانپ کر رکھیں۔
4 گاہک کے ساتھ تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔
5 جانوروں کو مذبح خانوں میں ذبح کریں۔
6 پیسے کا تبادلہ کرتے ہوئے ہاتھوں کو منہ، ناک، آنکھ سے بچائے رکھیں۔
7 دوکان کے فرش اور کاونٹرز کو روزانہ جراثیم سے پاک کریں۔
8 اس بات کو یقینی بنائیں کہ گاہک ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے پر قطار بنائیں۔
9 پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں۔

نوٹ: مجسٹریٹ کے اچانک دورے کے دوران مندرجہ بالا ہدایات پر عمل نہ ہونے کی صورت میں سخت سزا اور جرمانہ ہوگا۔







## پنجاب میں صنعتی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے معیاری طریق کار (ایس او پیز

## کسی صنعت میں کام دوبارہ شروع کرنے کے لئے معیاری طریق کار (ایس او پیز)

کسی صنعت کے کھولنے کے لیے کویڈ-19 کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے تحفظ کو یقینی بنانے کی غرض سے درج ذیل ایس او پیز کو اپنانا ہوگا۔

ان ایس او پیز کو دو اقسام میں تقسیم کیا جائے گا:

1 صنعتی سرگرمیاں شروع کرنے سے پہلے ایس او پیز کا روبہ عمل ہونا ضروری ہے۔ انھیں مالک کی جانب سے سٹیمپ پیپر پر حلف نامہ کی شکل میں مہیا کرنے کی ضرورت ہوگی۔ طے شدہ معیارات پر عمل درآمد کرنے کے بعد ہی کسی صنعت کو اپنا کاروبار کھولنے کی اجازت ہوگی۔

2 ایس او پیز کا دوسرا مجموعہ روزمرہ سرگرمیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ ان کے اطلاق کی تصدیق ہر صنعت کے فلور منیجر کو روزانہ کی بنیاد پر کرنا ہوگی۔

طے شدہ ایس او پیز کی تعمیل میں ناکامی کا نتیجہ مزدوروں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے پر سزا اور صنعتی اسٹیبلشمنٹ کی بندش کی صورت میں نکلے گا۔

## صنعتی سرگرمیاں شروع کرنے سے پہلے ضروری ایس او پیز

| عمل جو کیا جائے گا | مکمل ہوا<br>ہاں/نہیں |
|---|---|
| اعلیٰ کارکردگی والے ایئر فلٹرز نصب کریں۔ | |
| کام کے ماحول کو زیادہ ہوادار بنانے کے لئے تبدیلیاں کریں | |
| رکاوٹیں لگائیں، جیسے واضح پلاسٹک کے چھینک گارڈ | |
| مقامی طور پر تیار کردہ ڈس انفیکشن مسٹنگ واک تھرو گیٹ نصب کریں | |
| کویڈ-19 کے پھیلاو کی روک تھام کے لئے کارکنوں کی تربیت کا بندوبست کریں | |
| تھرمل گنز، ٹشوز، نو ٹچ ٹریش کین، ہاتھ دھونے کے صابن، کم از کم 60 فیصد الکوحل والے سینی ٹائزر، جراثیم کش، اور کارکنوں کے لیے ڈسپوزیبل ٹاول اور جہاں ضروری ہو ذاتی حفاظت کی کٹس کا کافی تعداد اور مقدار میں پیشگی آرڈر دیں | |

| | |
|---|---|
| داخلی دروازہ پر تھرمل گنز کی موجودگی یقینی بنائیں | |
| تمام ملازمین کو یونیک شناختی کارڈ جاری کریں | |
| کسی غیر مجاز شخص کو انڈسٹریل یونٹ میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا | |
| کیفے ٹیریا میں کارکنوں کو ایک دوسرے سے ایک میٹر دور رکھنے کے لیے نشستوں کی ترتیب تبدیل کریں | |
| اس بات کو یقینی بنائیں کہ عملہ، ٹھیکے دار اور کسٹمرز کی رسائی ان جگہوں تک ہو جہاں وہ صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ دھو سکیں۔ | |
| کام کی جگہ پر ہینڈ سینی ٹائزر نمایاں مقامات پر رکھیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈسپینسر زباقاعدگی سے بھرے جائیں۔ | |
| اردو زبان میں ہاتھ دھونے اور سانس کی حفظان صحت کو فروغ دینے والے باتصویر پوسٹرز نصب کریں | |
| کوئی ایسا کمرہ یا علاقہ مخصوص کریں جہاں کسی شخص کو جو بیمار محسوس ہو یا اس میں بیماری کی علامات ہوں محفوظ طریقے سے الگ تھلگ کیا جا سکے | |
| فیکٹری سے صحت کی سہولت تک محفوظ منتقلی کے لئے منصوبہ تیار کریں | |
| ورک سٹیشنوں/نشستوں میں ایسی تبدیلی کریں کہ کارکن کم سے کم 1 میٹر کے فاصلے پر ہوں | |
| بایومیٹرک حاضری کا نظام ختم کر دیں | |
| فیکٹری میں داخل ہونے والے تمام کارکنوں کی سکریننگ کریں تاکہ معلوم ہو کہ آیا وہ صحت مند ہیں یا نہیں | |
| اوران کے کورونا لیب ٹیسٹ ڈی او انڈسٹریز کو بھیجیں | |
| ایک سینئر مینیجر کو کورونا مخصوص تبدیلیوں اوران کی تعمیل کا نگران مقرر کریں | |
| متعلقہ اتھارٹی کو یہ حلف دیں کہ درج کردہ ایس او پیز پر عمل کرنے میں ناکامی پر صنعت بند ہو جائے گی۔ | |





## انڈسٹریز، کامرس، انوسٹمنٹ اینڈ سکل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب

## روزمرہ صنعتی سرگرمیوں کے لئے ضروری ایس او پیز

| عمل جو کیا جائے گا | مکمل ہاں/نہیں |
|---|---|
| داخلے پر ہر ملازم کا درجہ حرارت چیک کریں | |
| کام کے دوران میں جن افراد کی ناک بہنے لگے یا جنہیں کھانسی آجائے، ان کے لیے کام کے مقامات پر چہرے کے ماسک یا کاغذ کے ٹشوز اور استعمال کے بعد انہیں محفوظ طور پر ضائع کرنے کے لیے بند ٹوکریوں کی دستیابی یقینی بنائیں | |
| اس پیغام کی تشہیر کرتے رہیں کہ جن لوگوں میں کوویڈ- 19 کی ہلکی علامات بھی ہوں وہ گھر پر ہی رہیں | |
| ملازمین پر واضح کریں کہ وہ اس غیر حاضری کو بیمار رخصت کے طور پر گنوانے کے اہل ہوں گے | |
| کام کے لچکدار اوقات (جیسے مختلف شفٹیں) نافذ کریں | |
| مصافحہ کی حوصلہ شکنی کریں- سلام کے دیگر غیر رابطہ طریقوں کے استعمال کی حوصلہ افزائی کریں | |
| کام کی جگہ پر اکثر چھوئے جانے والی تمام سطحوں مثلاً ورک سٹیشنز، کی بورڈز، ٹیلیفون، ہینڈریل اور ڈورنوبز کو بار بار صاف اور جراثیم سے پاک کریں | |
| ڈسپوزایبل وائپس فراہم کریں تاکہ عام طور پر استعمال ہونے والی سطحوں (مثال کے طور پر، ڈورنوبز، کی بورڈ، ریموٹ کنٹرول، ڈیسک، کام کے دیگر اوزار اور سامان) کو ملازمین ہر دفعہ استعمال سے پہلے صاف کر سکیں۔ | |
| کارکنوں کو دوسرے کارکنوں کے فون، ڈیسک، آفس یا کام کے دیگر اوزار استعمال کرنے سے منع کریں | |
| اگر کویڈ-19 کے مشتبہ یا مصدقہ مریض کسی جگہ رہے ہوں تو اس کی زیادہ صفائی اور جراثیم کشی کی جائے | |
| فیکٹری میں داخل ہوتے وقت تمام کارکنوں پر جراثیم کش کیمیکل چھڑکیں | |
| یقینی بنائیں کہ کام کے اوقات کے دوران میں ہر وقت ماسک پہنے جاتے ہوں | |

| | |
|---|---|
| خام مال، مشینری کے کھلے حصے، اور کسی چیز کی تیاری کے لیے ضروری کسی مواد کو صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلہ کی اسی صورت میں اجازت ہوگی جب گاڑی داخلی دروازہ پر مکمل طور پر صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک ہوچکی ہو | |
| داخلہ کے مقامات پر اس طرح کے مواد کی نقل وحمل کرنے والی گاڑی کے ڈرائیوروں، کنڈکٹروں، لوڈرز اور گاڑی کے دوسرے عملے کے درجہ حرارت اور کوویڈ-19 کی دیگر علامات فلو، کھانسی اور پٹھوں میں درد وغیرہ کی نگرانی کی جانی چاہئے | |
| ایسی گاڑیوں سے وابستہ کسی بھی شخص (یا اشخاص) جن میں کوویڈ-19 کی کوئی علامت یا تمام علامات ہوں، صنعتی یونٹ یا احاطے میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ | |
| سٹیل، لکڑی، کپڑا، لوہا، پلاسٹک جیسے مواد پر کوویڈ-19 کافی دنوں تک برقرار رہتا ہے، لہذا صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلہ سے قبل اس طرح کے تمام خام مال کی صفائی ستھرائی اور جراثیم کُشی کی جائے گی۔ | |
| ایسی گاڑیوں میں افراد کے بیٹھنے کا انتظام ایسا ہوگا کہ ان کے مابین 3 فٹ کا فاصلہ برقرار رہے | |
| ایسی گاڑیوں میں بیٹھے افراد صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلہ سے قبل صابن سے ہاتھ دھوئیں اور اس کے بعد ان کے ہاتھوں کو جراثیم سے پاک کیا جائے گا۔ ایسے افراد مناسب دستانے، گاؤن اور ماسک پہنیں گے۔ مناسب ساز وسامان کے بغیر کسی بھی شخص کو صنعتی یونٹ یا احاطہ میں داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی | |

2 ایسے آجر جو فی الحال اپنے کچھ یا سبھی ملازمین کو بیمار رخصت پیش نہیں کرتے ہیں وہ عدم تعزیر کی حامل "ایمرجنسی بیمار رخصت" پالیسیوں کا مسودہ تیار کر سکتے ہیں



کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ

## معیاری طریق کار تصاویری خاکے

مرحلہ 1: عملے کی آمد




مرحلہ 2: عملے کی گاڑیوں میں جراثیم کشی




مرحلہ 3: عملہ کی آمد ہمراہ ماسک



مرحلہ 4: شوز، پینٹ اور شرٹ کی ائیر بلو کے ذریعے صفائی



مرحلہ 5: ہاتھ دھونا اور 1.5 میٹر کا فاصلہ رکھنا



مرحلہ 6: جسمانی درجہ حرارت ماپنا (مناسب یا نامناسب)




محکمہ برائے صنعت تجارت سرمایہ کاری اور تشکیلِ ہنرمندی

## معیاری طریق کار تصاویری خاکے

مرحلہ 7: ہاتھوں میں سینی ٹائزر لگائیں



مرحلہ 8: انگوٹھے کی حاضری کی جگہ چہرے کی حاضری کا استعمال کریں



مرحلہ 9: نہ مصافحہ کریں/ نہ بغل گیر ہوں




مرحلہ 10: عملے کو ماسک اور ہینڈ سینی ٹائزر فراہم کریں



مرحلہ 11: عملے کی طعام گاہ/فراہمی خوراک کی جگہ کی صفائی اور جراثیم کشی کریں



مرحلہ 12: مشینوں کے ہینڈلز کی روزانہ جراثیم کشی کریں







## معیاری طریق کار تصاویری خاکے


مرحلہ 13: پلانٹ/فیکٹری کے فرش کی روزانہ فرنیل سے صفائی کریں



مرحلہ 14:
انتظامی دفاتر: 1.5 میٹر کے فاصلے پر بیٹھیں، فیس ماسک پہنیں
اور کسی بھی چیز کو ہاتھ لگانے سے پہلے ہینڈ سینی ٹائزر کا استعمال کریں




مرحلہ 15: آرام گاہ/ بیت الخلاء/ واش روم کی
ہر 6 گھنٹے کے بعد جراثیم کشی کریں



مرحلہ 16: داخلے پر واک تھرو جراثیم کش گیٹ لگوائیں




# پوسٹرز






کورونا وائرس - روک تھام کے لئے ہدایت نامہ





محکمہ برائے صنعت تجارت سرمایہ کاری اور تشکیلِ ہنرمندی

COVID-19

# ہمیشہ بازو میں کھانسیں۔

ہمیشہ کھانسی یا چھینک اپنے بازو یا ٹشو سے ڈھانپیں اور ٹشو کو فوراً ٹوکری میں ڈال دیں۔ بعد میں اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی سے کم از کم بیس سیکنڈ تک دھوئیں۔

**ہم سب مل کر پھیلاو روکنے میں معاون اور صحت مند رہ سکتے ہیں**







COVID-19

# ایک دوسرے سے فاصلہ رکھنا۔

ایک دوسرے سے فاصلہ رکھ کر کورونا وائرس کا پھیلاو روکنے میں مدد کریں۔ یاد رکھیں کہ نہ ہاتھ ملائیں اور نہ گلے ملیں۔ جہاں ممکن ہو ایک دوسرے سے ڈیڑھ میٹر دور رہیں اور ہاتھوں کی اچھی حفظان صحت پر عمل کریں، خاص طور پر عوامی مقامات پر جانے کے بعد۔

**ہم سب مل کر پھیلاو روکنے میں معاون اور صحت مند رہ سکتے ہیں**

